## تمام انبیاء کے احترام کے لیے عالمی سطح پر نیا عمرانی معاہدہ کیا جائے

اسلام آباد(31اگست 2018) گستاخانہ خاکوں کی روک تھام کے لیے کردار ادا کرنے والے خراج تحسین کے مستحق ہیں، اللہ رب العزت سب کی مساعی کو شرف قبولیت عطا فرمائیں، گستاخانہ خاکوں کے مقابلے کی منسوخی کے دنیا کے امن وسلامتی پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، مگر صرف ایک مقابلے کی منسوخی کافی نہیں عالمی سطح پر تمام انبیاء کرام کی اہانت کی روک تھام کے لیے قانون سازی کی جائے۔ عالمی برادری اظہار رائے اور مذہبی مقدسات کی توہین کے مابین فرق کرے اور تمام مذاہب کی قابل احترام شخصیات کے حوالے سے نیا عمرانی معاہدہ کیا جائے، عالم اسلام بالخصوص اسلامی دنیا کی حکومتیں اب کی بار اطمینان سے بیٹھ جانے کے بجائے اس مسئلے کے مستقل حل کے لیے کردار ادا کریں، ان خیالات کا اظہار وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے رہنماؤں مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا انوار الحق، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی اور مولانا محمد حنیف جالندھری نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا- انہوں نے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت کے حوالے سے کردار ادا کرنے والا ہر مسلمان خراج تحسین کا مستحق ہے اس کو کریڈٹ گیم میں تبدیل نہیں کرنا چاہیے۔ حکومت پاکستان اور پوری قوم نے ناموس رسالت کے حوالے سے جس ذمہ داری اور حساسیت کا مظاہرہ کیا وہ قابل تعریف ہے۔ گستاخانہ خاکوں کی منسوخی کے عالمی امن پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے- قائدین وفاق المدارس اسلامی دنیا بالخصوص مسلم حکمرانوں سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے میں نتیجہ خیز کردار ادا کریں اور جب تک اس مسئلے کو کسی منطقی انجام تک نہ پہنچا دیں چین سے نہ بیٹھیں۔

## صوبائی ناظم وفاق مولانا حسین احمد کو صدمہ

اسلام آباد(01.09.18) وفاق المدارس صوبہ خیبر پختون خواہ کے ناظم مولانا حسین احمد کی والدہ وفات پا گئیں، قائدین وفاق المدارس کا اظہار تعزیت، مرحومہ کے لیے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا، مولانا حسین احمد جیسے بیٹے مرحومہ کی مثالی تربیت کا شاہکار اور ان کے لیے صدقہ جاریہ ہیں تفصیلات کے مطابق وفاق المدارس العربیہ صوبہ خیبر پختون خواہ کے ناظم اور جامعہ عثمانیہ کے ناظم تعلیمات مولانا حسین احمد کی والدہ انتقال فرما گئیں جن کی نماز جنازہ 30 اگست بروز جمعرات سہ پہر تین بجے ان کے آبائی گاؤں دلبوڑی (مانسہرہ) میں ادا کی گئی۔ مولانا کی والدہ کی رحلت پر وفاق المدارس کے قائدین نے گہرے رنج وغم کا اظہار

کیا اور مرحومہ کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ وفاق المدارس کے صدر حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، نائب صدر مولانا انوار الحق، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی، ناظم اعلیٰ وفاق مولانا محمد حنیف جالندھری، مجلس عاملہ کے اراکین، صوبائی ناظمین، علاقائی مسئولین اور دیگر علماء نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ مولانا حسین احمد جیسے نیک اور محنتی بیٹے مرحومہ کے لیے صدقہ جاریہ ہیں ہر ماں کو اپنے بیٹوں کی تربیت انہی خطوط پر کرنی چاہیے کہ وہ ان کے لیے ذخیرہ آخرت ثابت ہوں۔

## حضرت مولانا محمد انوار الحق مدظلہ کا دورہ مدارس جنوبی وزیرستان

وفاق المدارس العربیہ کے مرکزی نائب صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد انوار الحق مدظلہ نے جنوبی وزیرستان کے مدارس کے مہتممین و منتظمین اور جنوبی وزیرستان کے مسئول حضرت مولانا امیر نواز حقانی کی دعوت پر 27 اگست کو تین روزہ دورہ کیا۔ اس دورے میں جنوبی وزیرستان کے کئی چھوٹے بڑے مدارس کا دورہ فرمایا اور پاک افغان بارڈر تک تشریف لے گئے۔ علاقہ کے تقریباً 30 سے اوپر دینی مدارس کے مہتممین حضرات واساتذہ کا ایک بڑا اجتماع بھی ہوا جس میں تقریباً اکثر مدارس وفاق المدارس سے ملحق ہیں۔ حضرت نائب صدر صاحب نے اس بات پر بڑی خوشی کا اظہار فرمایا اور کئی مدارس میں منعقدہ اجتماعات میں وفاق کی اہمیت اور امۃ مسلمہ میں کردار پر بہت بہترین انداز میں روشنی ڈالی۔ الحمدللہ جنوبی وزیرستان ایجنسی میں وفاق المدارس سے ملحق ہونے والے مدارس کی تعداد روز بروز بڑھتی جارہی ہے، جس کا کریڈیٹ ضلعی مسئول جناب حضرت مولانا امیر نواز حقانی صاحب کو جاتا ہے۔ حضرت نائب صدر نے بہترین کارکردگی پر ضلعی مسئول کا شکریہ ادا کیا اور مزید ترقی کی دعوات طیبات سے نوازا۔

## پنجاب میں رجسٹریشن کا نیا نوٹیفکیشن مسترد

اسلام آباد (نمائندہ امت، 31 اگست) پنجاب میں رجسٹریشن کا نیا نوٹیفکیشن مدارس نے مسترد کر دیا۔ اتحاد تنظیمات المدارس کے رہنما مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کا کہنا ہے کہ حکومت سے یہ طے ہوا تھا کہ نئے فارم اور رجسٹریشن کے نئے قوانین صرف نئے قائم ہونے والے مدارس پر لاگو ہوں گے۔ واضح رہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے مدارس کی رجسٹریشن کے لیے جاری کردہ نئے نوٹیفکیشن کے تحت مدرسے کی رجسٹریشن کے لیے جمع کرائی گئی دستاویزات چھ ایجنسیوں کو تصدیق کے لیے بھیجی جائیں گی۔ جبکہ رجسٹریشن کی تجدید کے لیے مدرسہ کی شوریٰ کے ہونے والے تمام اجلاسوں، ان میں شرکت کرنے والے لوگوں اور اساتذہ کے ناموں کی فہرستیں اور ان سے متعلق دیگر تفصیلات جمع کرانا ہوں گی، حتیٰ کہ یہ شرائط ان مدارس پر بھی لاگو ہوں گی 1953ء میں رجسٹرڈ کیا گیا تھا۔

## مدارس بارے حکومت عزائم کھل کر سامنے آ گئے

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے قائدین مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر، مولانا انوارالحق، مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی اور مولانا محمد حنیف جالندھری نے کہا ہے کہ آج کے واقعات نے وزیراعظم پاکستان عمران خان کے دینی مدارس کے بارے میں بیانات کی قلعی کھول دی ہے؛ اور حکومت کے مدارس کے بارے میں عزائم کھل کر سامنے آ گئے ہیں۔ وفاق المدارس کے قائدین نے کہا کہ عمران خان اس صورت حال کا فوری نوٹس لیں۔ پولیس اور سی ٹی ڈی کے اہل کاروں کی مدارس کے طلبہ پر یلغار، کیمپ اکھاڑنے، علماء اور طلبہ کی گرفتاریوں اور علماء کرام کے خلاف مقدمات کے اندراج میں ظلم وجبر کی نئی تاریخ رقم کی ہے، جس کے خلاف راست اقدام کا حق محفوظ رکھتے ہوئے جلد لائحہ عمل کا اعلان کریں گے۔ قربانی کی کھالیں جمع کرنے والوں پر یلغار افسوس ناک اور قابل مذمت ہے۔ مدارس کے بچوں کے خلاف ہونے والی پولیس گردی نے وزیراعظم عمران خان کے بیانات کی قلعی کھول دی ہے اور نئی حکومت کے مدارس کے بارے عزائم کو بے نقاب کر دیا ہے۔ (بحوالہ روزنامہ اوصاف)

## بہاول پور میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر مدارس میں چھاپے

ملتان (پ ر) پنجاب پولیس اور سی ٹی ڈی کی جانب سے پنجاب کے مدارس میں اجتماعی قربانی کرنے پر بھی مقدمات درج کیئے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ملتان کے تھانہ سی ٹی ڈی کی جانب سے بہاولپور گلشن فیروز ن میں واقع مدرسہ سیدنا اسعد بن زرارہ میں چھاپہ مار کر اجتماعی قربانی کی 206 کھالیں اور ایک گاڑی ضبط جبکہ دو اساتذہ کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا۔ مقدمہ نمبر 48 کے مطابق مدرسہ کے اساتذہ مولانا شعیب اور مولانا انیس الرحمٰن فاروق پر الزام عائد کیا گیا کہ ان کا تعلق کالعدم اہلسنت والجماعت سے ہے اور ان کی جیب سے اہلسنت والجماعت کے اسٹیکر بھی نکلے ہیں۔ مدرسہ انتظامیہ کے مطابق ان کے مدرسہ میں اجتماعی قربانی ہو رہی تھی جہاں کھالیں اجتماعی قربانی کی جمع تھیں جن کو اٹھا کر لے گئے ہیں اور ان کو کھالیں جمع کرنے کا جواز بنایا جا رہا ہے۔ وفاق المدارس کے صوبائی ناظم مولانا زبیر احمد صدیقی کا کہنا ہے کہ مسلسل غلط بیانی سے کام لیا گیا ہے۔ مدرسہ اسعد بن زرارہ میں اجتماعی قربانی پہ چھاپہ مارا گیا۔ کیمرے، کمپیوٹر ریکارڈ اٹھا کر لے گئے ہیں جبکہ مبینہ طور پر مدرسہ کا تعلق سپاہ صحابہ سے جوڑا جا رہا ہے حالاں کہ ادارہ کے مہتمم وفاق المدارس کے ضلعی مسئول اور جے یو آئی کے صوبائی سیکرٹری جنرل ہیں۔ اس طرح کی زیادتی ڈویژن بہاول پور کے سب سے بڑے ادارہ جامعہ مدنیہ بہاول پور سمیت دیگر مدارس کے ساتھ بھی کی گئی ہے اور ان کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے دہشت گردی کی دفعات شامل کی گئی ہیں۔